NcertHelp
© www.ncerthelp.com

www.ncerthelp.com
CAREERINDIA

# CBSE Sample Paper: Class XII

**Roll No:** ........................

**Series** ........................ **Code No:** ..................

Candidate must write the code on the title page of the answer book.

- *Please check that this question paper contains ----printed pages.*
- *Code number given on the right handside of the question paper should be written on the title page of the answer book by the candidate.*
- *Please check that this question paper contains 10 questions.*
- *Please write down the serial number of the question before attempting it.*

## Urdu (Elective)

## اردو (الیکٹو)

**Time allowed: 3 hours** **Maximum Marks: 100**

وقت: 3 گھنٹے کل نمبر: 100

## Section A

**1** ذیل میں سے کسی ایک عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے مختصر جواب تحریر کیجیے: **10**

(الف) ''...........مفصّل حال لکھتے ہوئے ڈرتا ہوں۔ ملازمان قلعہ پر شدّت ہے۔ اور باز پرس اور دار و گیر میں مبتلا ہیں...........میں غریب شاعر دس برس سے لکھنے اور شعر کی اصلاح دینے پر متعلق ہوا ہوں، خواہی اس کو نوکری سمجھو، خواہی مزدوری جانو۔ اس فتنہ و آشوب میں کسی مصلحت میں، میں نے دخل نہیں دیا۔ صرف اشعار کی خدمت بجالاتا رہا اور نظر اپنی بے گناہی پر، شہر سے نکل گیا۔ میرا شہر میں ہونا حکام کو معلوم ہے، مگر چونکہ میری طرف بادشاہی دفتر میں سے یا مخبروں کے بیان سے کوئی بات پائی نہیں گئی، لہٰذا طلبی نہیں ہوئی ...........غرض کہ اپنے مکان میں بیٹھا ہوں، دروازے سے باہر نہیں نکل سکتا۔ سوار ہونا اور کہیں جانا تو بڑی بات ہے، رہا یہ کہ کوئی میرے پاس آوے، شہر میں ہے کون جو آوے؟ گھر کے گھر بے چراغ پڑے ہیں۔''

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

(ii) اس اقتباس کا مخاطب کون ہے؟

(iii) ''مفصّل حال لکھتے ہوئے ڈرتا ہوں'' اس سے مصنف کی کیا مراد ہے؟

(iv) ''اس فتنہ و آشوب میں کسی مصلحت میں، میں نے دخل نہیں دیا'' اس جملے سے کیا مفہوم واضح ہوتا ہے؟

(v) ''گھر کے گھر بے چراغ پڑے ہیں'' اس کا کیا مطلب ہے؟

Visit www.ncerthelp.com for Ncert Solutions in Text and Video , CBSE Sample papers, Exam tips, NCERT BOOKS, Motivational Videos, Notes for All Classes and Many More...

© www.ncerthelp.com
www.ncerthelp.com
CAREERINDIA

(ب) ''سنو — یہ شاید ہماری زندگی کی آخری فصل ہے۔ ابھی تُل کھیت سے کچھ دوری پر ہے۔ میں تمھیں نصیحت کرتا ہوں، اپنی فصل کی حفاظت کے لیے پھر کبھی بجوکا نہ بنانا۔ اگلے برس جب ہل چلیں گے۔ بیج بویا جائے گا اور بارش کا امرت کھیت میں سے کونپلوں کو جنم دے گا۔ تو مجھے ایک بانس پر باندھ کر کھیت میں کھڑا کر دینا، بجوکا کی جگہ پر۔ میں تب تک تمھاری فصلوں کی حفاظت کروں گا............ مجھے وہاں سے ہٹانا نہیں۔ وہیں رہنے دینا۔ تاکہ جب لوگ دیکھیں تو انھیں یاد آئے کہ بجوکا نہیں بنانا کہ بجوکا بے جان نہیں ہوتا۔ آپ سے آپ اسے زندگی مل جاتی ہے اور اس کا وجود اسے درانتی تھما دیتا ہے اور اس کا فصل کی ایک چوتھائی پر حق ہو جاتا ہے۔''

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟
(ii) اقتباس میں کون کس سے مخاطب ہے؟
(iii) بجوکا کسے کہتے ہیں؟
(iv) ''بارش کا امرت کھیت میں سے کونپلوں کو جنم دے گا'' اس کا کیا مطلب ہے؟
(v) 'آپ سے آپ اسے زندگی مل جاتی ہے' سے کیا مراد ہے؟

**2** درج ذیل سوالات کے صحیح جواب لکھیے: **05**

(i) مرزا غالب کہاں پیدا ہوئے تھے؟
(الف) لکھنؤ
(ب) آگرہ
(ج) دہلی
(د) کولکتہ

(ii) افسانہ 'بجوکا' پریم چند کے کس ناول سے متاثر ہو کر لکھا گیا ہے؟
(الف) بازارِ حسن
(ب) بیوہ
(ج) گوشۂ عافیت
(د) گئودان

(iii) خوجی کے کردار سے متعلق صحیح جواب کون سا ہے؟
(الف) 'خوجی' دلچسپی پیدا کرنے والا مسخرا ہے
(ب) لکھنؤ کے زوال پذیر معاشرت کی علامت ہے
(ج) خوجی ایک بہادر انسان ہے
(د) خوجی ایک کینہ پرور انسان ہے

www.careerindia.com

Visit www.ncerthelp.com for Ncert Solutions in Text and Video , CBSE Sample papers, Exam tips, NCERT BOOKS, Motivational Videos, Notes for All Classes and Many More...

NcertHelp
© www.ncerthelp.com
www.ncerthelp.com
CAREERINDIA

(iv) افسانہ 'لمحے' میں بلونت سنگھ کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟
(الف) ظلم سے نفرت
(ب) نیکی اور بدی کے فرق کا احساس
(ج) ایک دوسرے کے دکھوں میں شرکت ہی حقیقی انسانیت ہے
(د) ایک دوسرے کے حالات کے تئیں ہمدردی کا اظہار

(v) سجاد ظہیر کی نثری نظموں کے مجموعے کا کیا نام ہے؟
(الف) روشنائی
(ب) نقوشِ زنداں
(ج) پگھلا نیلم
(د) انگارے

3 درج ذیل میں سے کسی ایک پر دو سو لفظوں پر مشتمل نوٹ لکھیے: 10
(i) غالب کی مکتوب نگاری
(ii) افسانہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے افسانہ 'بجوکا' پر روشنی ڈالیے۔
(iii) خاکہ 'کلیم الدین احمد'

4 درج ذیل میں سے کسی ایک حصّے کی تشریح شعری خوبیوں کی نشاندہی کے ساتھ کیجیے اور شاعر کا نام بھی بتائیے: 10

(الف) اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرزِ بیاں سے ہم
........................
ایک لَو کے دو ہیں اثر اور دونوں حسبِ مراتب ہیں
لو جو لگائے شمع کھڑی ہے، رقص میں ہے پروانہ بھی
........................
زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی
........................
شعلے میں ہے ایک رنگ تیرا باقی ہیں تمام رنگ میرے
........................
میں ایک حادثہ بن کر کھڑا تھا رستے میں عجب زمانے مرے سر سے تھے گزرتے ہوئے

(ب) ہیں تیرے تصرف میں یہ بادل، یہ گھٹائیں یہ گنبد افلاک، یہ خاموش فضائیں
یہ کوہ، یہ صحرا، یہ سمندر، یہ ہوائیں تھیں پیشِ نظر کل تو فرشتوں کی ادائیں
آئینۂ ایام میں آج اپنی ادا دیکھ

www.careerindia.com

Visit www.ncerthelp.com for Ncert Solutions in Text and Video , CBSE Sample papers, Exam tips, NCERT BOOKS, Motivational Videos, Notes for All Classes and Many More...

NcertHelp
© www.ncerthelp.com
www.ncerthelp.com
CAREERINDIA

5 درج ذیل سوالات کے صحیح جواب لکھیے: 05

(i) جذبی کا اصل نام کیا ہے؟
(الف) معین احمد
(ب) معین الدین
(ج) معین حسن
(د) معین احسن

(ii) یہ شعر کس شاعر کا ہے؟
اِٹھی گلرنگ دریچوں سے سحر جھانکے گی — کیوں نہ کھلتے ہوئے زخموں کو دعا دی جائے
(الف) حالؔی
(ب) آرزوؔ لکھنوی
(ج) جاں نثار اخترؔ
(د) جذبیؔ

(iii) ناصر کاظمی کہاں پیدا ہوئے تھے؟
(الف) امرتسر
(ب) دہلی
(ج) جالندھر
(د) انبالہ

(iv) 'نظم' کس زبان کا لفظ ہے؟
(الف) فارسی
(ب) عربی
(ج) اردو
(د) ترکی

(v) نظم 'گورِ غریباں' کس زبان سے ترجمہ کی گئی ہے؟
(الف) فرانسیسی
(ب) یونانی
(ج) چینی
(د) انگریزی

6 درج ذیل میں سے کسی ایک پر دو سو الفاظ میں اظہارِ خیال کیجیے: 10

(الف) حالؔی کی غزل گوئی
(ب) نظم کی تعریف اور اقبالؔ کی نظم گوئی
(ج) سردارؔ جعفری کی طویل نظم 'وقت کا ترانہ'

Visit www.ncerthelp.com for Ncert Solutions in Text and Video , CBSE Sample papers, Exam tips, NCERT BOOKS, Motivational Videos, Notes for All Classes and Many More...

www.careerindia.com

NcertHelp
© www.ncerthelp.com
www.ncerthelp.com
CAREERINDIA

7 درج ذیل سوالات کے صحیح جواب لکھیے: 05

(i) پریم چند کا پہلا ناول کون سا ہے؟
(الف) گئودان
(ب) نرملا
(ج) ہم خرما و ہم ثواب
(د) بازارِ حسن

(ii) ڈراما 'یہودی کی لڑکی' کس نے لکھا ہے؟
(الف) امتیاز علی تاج
(ب) محمد مجیب
(ج) آغا حشر کاشمیری
(د) محمد حسن

(iii) کہانی 'کلرک کی موت' کے مرکزی کردار کا نام کیا ہے؟
(الف) بری ثالوف
(ب) چیرویاکوف
(ج) چے خف
(د) قاسموف

(iv) ویکوم محمد بشیر کی کہانی ''جنم دن'' کس زبان میں لکھی گئی تھی؟
(الف) کنڑ
(ب) ملیالم
(ج) تمل
(د) تیلگو

(v) پطرس بخاری کے انشائیوں کے مجموعے کا نام کیا ہے؟
(الف) مضامین پطرس
(ب) پطرس کے انشائیے
(ج) پطرس نامہ
(د) پطرس کے مضامین

8 درج ذیل میں سے کسی ایک پر سو لفظوں میں اظہار خیال کیجیے: 05

(i) پریم چند کی ناول نگاری
(ii) آغا حشر کی ڈراما نگاری
(iii) افسانہ کلرک کی موت

Visit www.ncerthelp.com for Ncert Solutions in Text and Video , CBSE Sample papers, Exam tips, NCERT BOOKS, Motivational Videos, Notes for All Classes and Many More...

www.careerindia.com

NcertHelp
© www.ncerthelp.com
www.ncerthelp.com
CAREERINDIA

## SECTION 'B'

9 درج ذیل سوالات کے صحیح جواب لکھیے: 20

1 اردو زبان کا اصل ماخذ کون سی بولی ہے؟
(i) ہریانوی
(ii) برج بھاشا
(iii) کھڑی بولی

2 اردو سندھی زبان سے نکلی ہے۔ یہ نظریہ کس نے پیش کیا ہے؟
(i) حافظ محمود شیرانی
(ii) سید سلیمان ندوی
(iii) مسعود حسین خاں

3 فورٹ ولیم کالج کا قیام کس سنہ میں عمل میں آیا؟
(i) 1800ء
(ii) 1801ء
(iii) 1802ء

4 'باغ و بہار' کے مصنف کا نام کیا ہے؟
(i) للّو لال جی
(ii) حیدر بخش حیدری
(iii) میر امّن

5 'دہلی کا دبستانِ شاعری' کے مصنف کون ہیں؟
(i) نصیر الدین ہاشمی
(ii) نور الحسن ہاشمی
(iii) ابو اللیث صدیقی

6 درج ذیل میں سے کون سا شاعر لکھنؤ کے دبستان شاعری سے تعلق رکھتا ہے؟
(i) میر تقی میر
(ii) سودا
(iii) آتش

7 اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟
(i) ولی دکنی
(ii) سراج اورنگ آبادی
(iii) محمد قلی قطب شاہ

www.careerindia.com

Visit www.ncerthelp.com for Ncert Solutions in Text and Video , CBSE Sample papers, Exam tips, NCERT BOOKS, Motivational Videos, Notes for All Classes and Many More...

NcertHelp
© www.ncerthelp.com
www.ncerthelp.com
CAREERINDIA

8 دکن کا کون سا مشہور شاعر پہلی بار دہلی آیا تھا؟

(i) قلی قطب شاہ

(ii) ولؔی

(iii) نصرؔتی

9 'رانی کیتکی کی کہانی' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(i) محمد حسین آزاد

(ii) میر امّن

(iii) انشاءاللہ خاں انؔشا

10 ہندوستان میں ترقی پسند ادبی تحریک کا باقاعدہ آغاز کس سنہ میں ہوا؟

(i) 1935ء

(ii) 1936ء

(iii) 1940ء

10 درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے: 20

(i) منشی ہرگوپال تفتؔہ کے نام خط میں غالبؔ نے کس زمانے کے حالات تحریر کیے ہیں؟

(ii) افسانہ 'سکون کی نیند' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

(iii) سبق 'روشنائی' میں سجاد ظہیر نے جس کانفرنس کی تفصیل بیان کی ہے؟ اس کانفرنس کا نام کیا تھا؟ اور وہ کہاں منعقد ہوئی تھی؟

(iv) سبق 'غالب جدید شعرا کی ایک مجلس میں' میں شامل پانچ جدید شعرا کے نام لکھیے۔

(v) ن۔م۔راشدؔ کی نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو'' کا بنیادی موضوع کیا ہے؟

www.careerindia.com

Visit www.ncerthelp.com for Ncert Solutions in Text and Video , CBSE Sample papers, Exam tips, NCERT BOOKS, Motivational Videos, Notes for All Classes and Many More...

© www.ncerthelp.com

www.ncerthelp.com

CAREERINDIA

www.careerindia.com

Visit www.ncerthelp.com for Ncert Solutions in Text and Video , CBSE Sample papers, Exam tips, NCERT BOOKS, Motivational Videos, Notes for All Classes and Many More...